9

# موسم کی تبدیلیاں



## تفصیل

اس پروجیکٹ کے دوران بچے مختلف موسم، ان کی مرکزی تبدیلیوں اور اُن تبدیلیوں کو اپنانے والے ہمارے اعمال کو سمجھیں گیں۔

## اہم سوال

کیا آپ کو معلوم ہے کہ ہم سب کیسے بدلتے موسموں کو اپناتے ہیں؟

## مضامین

سوشل سائنس ، آرٹ ، سائنس

## کُل وقت درکار


دن میں 1 گھنٹہ 5 دن کے لئے اور چھٹے دن 30 منٹ کی پریزنٹیشن

## خود رہنمائی / زیرنگرانی سرگرمی

والدین کے ذریعہ درمیانی نگرانی

## وسائل درکار

کاغذ ، قلم ، پنسل ، رنگ ، مختلف کپڑے ، کاغذ کا کپ ، مارکر ، کھلونے ، کمبل



# پہلا دن

## پروجیکٹ کا تعارف

15
منٹ

بچوں کا گرم جوشی سے اس پروجیکٹ کے پہلے دن پر خوش آمدید کریں۔ اِن کو پچھلے پروجیکٹ بخوبی انجام دینے پر مبار کباد دیں۔



خوش آمدید! اج کتنا خوبصورت دن ہے۔ مجھے بتائیں
آپ کو گرمی اچھی لگتی ہے یا سردی؟ بارش یا برفباری؟ کیا آپ کو گرمی کے ہلکے پھلکے کپٹرے پسند ہیں یا سردی کے موٹے موٹے کپڑے؟

شاباش! اس پروجیکٹ کے دوران ہم موسموں کے بارے میں بہت کچھ سیکھیں گے اور یہ بھی دیکھیں گے کہ موسم کی تبدیلیوں سے ہماری زندگیوں پر کیا فرق پڑتا ہے۔
کیا آپ تیار ہیں؟




گفتگو کو اور آگے بڑھانے سے پہلے بچوں سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھیں :



1. آپ کو گرمی کے موسم کے بارے میں کیا معلوم ہے؟
2. آپ کو سردی کے موسم کے بارے میں کیا معلوم ہے؟
3. آپ کو خزاں کے موسم کے بارے میں کیا معلوم ہے؟
4. آپ کو بہار کے موسم کے بارے میں کیا معلوم ہے؟

اِن سوالات کا کوئی صحیح غلط جواب نہیں ہے۔ مگر یہ بہت ضروری ہے کہ آپ بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور ان کے جوابات پر انہیں شاباشی دیں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ بچے کے پاس درست معلومات نہیں ہیں تو اُن کو شاباشی کے بعد شائستہ لہجے میں صحیح معلومات فراہم کریں۔







## آئیے ڈرائنگ کریں اور سیکھیں

اب بچوں کو آرٹس کی سرگرمی کے لئے تیار کریں۔ ان سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھیں:

1. کیا آپ رنگ کرنے کی مشق کرنا چاہتے ہیں؟
2. کیا آپ ڈرائنگ کے ذریعے کوئی دو موسم کاغذ پر بنا سکتے ہیں؟
3. ہم آپ کی ڈرائنگ میں مدد کر سکتے ہیں۔ کیا آپ تیار ہیں؟

جب بچے آپ کو جواب ہاں میں دے تو اگلے مرحلے پر بڑھیں۔ بچوں کو رنگین پینسلیں اور کاغذ فراہم کریں، تاکہ وہ اپنی ڈرائنگ کی مشق شروع کرسکیں۔ بچے چار میں سے دو موسم منتخب کریں گے اور ان کی تصویر بنانا شروع کریں گے۔ تصویر بناتے ہوئے بچوں کو مندرجہ ذیل ہدایات فراہم کریں۔



- آپ منتخب کردا موسم سے کون سے رنگ منسلک کرتے ہیں؟
- منتخب کردا موسم کے دوران ارد گرد کے ماحول کا کیا حال ہوتا ہے؟
  [مثلا سورج کیسا ہوتا ہے؟ کیا درخت پر پھول اور پتے ہوتے ہیں؟
  بارش ہوتی ہے یا برف؟]
- آپ منتخب کردہ موسم میں کیا کرتے ہیں؟

گھر کے افراد یا اساتذہ ان تصویروں کو جانچنے کے لیے کچھ معیار قائم کرسکتے ہیں۔ مثلا

- تخلیقی صلاحیت
- ڈیزائن
- خوبصورتی
- ہدایت پر عمل
- ڈرائنگ کو پورے دل اور محنت سے کرنا

یہ یاد رکھیے کہ کوئی بھی ڈرائنگ صحیح یا غلط نہیں ہے۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور انہیں شاباشی دیں

15
منٹ

## فرق لکھیں

ایک بار جب بچوں نے دونوں موسموں کو جائزہ لے لیا جس کی اُنھوں نے ڈرائنگ بنائی ہے۔ اب اُن کو ایک اور کاغذ اور ایک پنسل دیں اور کاغذ پر دو لکیریں کھینچیں کے دو خانے بن جائیں۔ اب بچوں کو ان دونوں موسموں کے مابین پانچ فرق لکھنے کو کاہیں۔

| | پہلا موسم | دوسرا موسم |
|---|---|---|
| درجہ حرارت | | |
| پھل | | |
| کپڑے | | |
| | | |

# دوسرا دن

20 منٹ

بچوں کو پروجیکٹ کے دوسرے دن کی شروعات پر گرمجوشی سے خوش آمدید کریں۔ یہ ضروری ہے کہ آپ پروجیکٹ کا دوسرا دن بچوں کے ساتھ صبح شروع کریں۔ اگر ہو سکے تو بچوں کو گھر سے باہر چہل قدمی کے لئے لے جائیں اور مندرجہ ذیل نکات پر گفتگو کریں۔

- چہل قدمی کے دوران باہر کا موسم
- درخت اور پرندے
- کیا ہوا چل رہی ہے یا نہیں
- سورج سے گرمی کی نوعیت
- آسمان ۔ کیا صاف ہے یا پھر بادل چھائے ہوئے ہیں
- کیا آس پاس کوئی پھل یا سبزی نظر آ رہی ہے

40 منٹ

## پچھلے دن سے ڈرائنگ کا تسلسل

بچے پچھلے دن والی ڈرائنگ کی مشق جاری رکھتے ہوئے باقی رہ جانے والے دو موسموں کی بھی ڈرائنگ تیار کریں گے۔ بچوں کو تصویریں بناتے ہوئے مندرجہ ذیل ہدایت دوبارہ یاد دلوائیں۔

- آپ منتخب کردا موسم سے کون سے رنگ منسلک کرتے ہیں؟
- منتخب کردا موسم کے دوران ارد گرد کے ماحول کا کیا حال ہوتا ہے؟
  [مثلاً سورج کیسا ہوتا ہے؟ کیا درخت پر پھول اور پتے ہوتے ہیں؟ بارش ہوتی ہے یا برف؟]
- آپ منتخب کردہ موسم میں کیا کرتے ہیں؟

اگر بچے میں لکھنے کی صلحیت موجود نہیں ہے تو والدین جوابات کے نقطے لگا سکتے ہیں اور بچے ان کو ٹریس کرکے اپنی لکھائی کی مشق کر سکتے ہیں۔

بچے دو موسموں کی ڈرائنگ مکمل کر لیں تو انہیں ایک کاغذ اور پنسل فراہم کریں۔

| | پہلا موسم | دوسرا موسم |
|---|---|---|
| درجہ حرارت | | |
| پھل | | |
| کپڑے | | |
| | | |

# تیسرا دن

بچوں کو پروجیکٹ کے تیسرے دن پر گرمجوشی سے خوش آمدید کیجئے اور پچھلے دنوں کی سرگرمیوں کی یاد دہانی کروانے کے لیے مندرجہ ذیل سوالات پوچھیں :



1. آپ نے پچھلے دو دنوں میں کیا کیا سیکھا؟
2. ہمارے ملک میں کل کتنے موسم ہوتے ہیں؟
3. آپ مجھے ہر موسم کے بارے میں کیا بتا سکتے ہیں؟

جب بچے آپ کے سوالات کا جواب فراہم کر دیں تو ان کو گھر سے باہر چہل قدمی پر لے کر جائیں۔ اگر آپ گھر سے باہر نہیں نکل سکتے تو بچے کو گھر کی چھت پر بھی لے جاسکتے ہیں۔ بچوں کو ہدایت دے کہ اپنے آس پاس کی چیزوں کو غور سے دیکھیں جیسے کہ آسمان، بادل، ہوا، درخت، پودے، گردوغبار، سورج غیرہ۔




## ہم کون سے موسم میں ہیں؟

بچوں کو بتائیں کہ آج ہم موجودہ موسم کے بارے میں بہت کچھ سیکھیں گے ان کو ایک پینسل پیپر اور مندرجہ ذیل ہدایات فراہم کریں.

بچے موجودہ موسم کی نشاندہی کرکے اس کی خصوصیات لکھیں گے ۔

- گرم یا ٹھنڈا ۔ اگر گرمی کا موسم ہے تو آپ بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ایک برف کا ٹکرا لے کر باہر جائیں اور اسے سورج کے نیچے رکھ دیں۔ بچے یہ نوٹ کریں کہ ٹکرے کو پگھلنے میں کتنا ٹائم لگتا ہے۔ اگر ٹھنڈا موسم ہے تو بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ایک گرم پانی کا گلاس کھڑکی میں رکھیں اور نوٹ کریں کہ اسے ٹھنڈا ہونے میں کتنا ٹائم لگتا ہے۔

اسی سرگرمی کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ اِنہیں کیا لگتا ہے کہ ایسا کیوں ہوتا ہے۔

## سورج کا دور

بچوں سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھے

- آپ دن میں کتنی دیر تک سورج دیکھ سکتے ہیں؟
- جب آپ صبح اٹھتے ہیں تو کیا سورج آسمان میں چمک رہا ہوتا ہے؟
- سسورج کس وقت غروب ہوتا ہے؟
- کیا آپ گن سکتے ہیں کہ سورج دن میں کتنے گھنٹے موجود رہتا ہے؟

یہ سوالات پوچھنے کے بعد بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ پیپر پر سورج کی طلوع و غروب ہونے کے ٹائم لکھے۔

## ابر آلود یا صاف آسمان

بچوں سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھے

- آپ آج آسمان میں کیا دیکھ سکتے ہیں؟
- دن میں تو عام بادل دیکھ سکتے ہیں۔ کیا آج بادل دکھ رہے ہیں؟ یا پھر آسمان نیلا ہے؟
- رات میں آسمان کیسا دکھتا ہے؟ کیا آپ رات میں ستارے اور چاند واضح طور پر دیکھ سکتے ہیں؟ یا یہ چھپے ہوئے ہوتے ہیں؟

بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ پیپر پر ایک تصویر بنائیں جس میں دن کا اور رات کا منظر دونوں ہوں۔

## پانی

اگر ساون کا مہینہ ہے تو بچوں کو ایک پلاسٹک کا گلاس فراہم کریں اور ہدایت دیں کے بچے اس پر تین لیول کے نشان لگائیں۔ فٹا استعمال کرسکتے ہیں۔ پہلے لیول کا نشان دو انچ پر لگائیں دوسرے لیول کا نشان چار انچ پر اور تیسرے لیول کا نشان چھ پر۔ اگر فٹا نہ ہو تو بچے اپنی انگلیوں کے ذریعے بھی نشانات لگا سکتے ہیں۔ مثلا پہلا لیول دو انگلیوں کی چوڑائی پر دوسرا لیول تین انگلیوں کی چوڑائی اور چار انگلیوں کی چوڑائی۔ اب اس کو بچے باہر کھلے آسمان کے نیچے رکھ سکتے ہیں ایسی جگہ پر جہاں اس میں بارش کا پانی جمع ہو سکے۔ گلاس رکھنے کی پہلی بارش کے بعد بچے جائزہ لے گے کہ کتنا پانی بھرا ہے اور اس کی ایک تصویر بنائیں گے۔

## ہوا

بچے کسی کھڑکی کے پاس یا اپنا اپنے گھر کی چوکھٹ پر کھڑے ہوں گے اور مندرجہ ذیل چیزیں نوٹ کریں گے۔

- کیا میرے بال اُڑ رہے ہیں؟
- اگر میرے بال اُڑ رہے ہیں تو کون سی جانب سمتھ کو جا رہے ہیں؟

بچے ایک چھوٹا سا کاغذ اپنے ہاتھ میں رکھیں گے اور کسی کھڑکی یا گھر کی چوکھٹ پر کھڑے ہوجائیں گے۔ پھر یہ مشاہدہ کریں گے کہ کاغذ کس سمت اُڑ رہا ہے۔ اسی طرح سے بچے اور ہلکی پھلکی چیزیں لے کر یہ جائزہ لیں گے کہ ایسی کون سی چیزیں ہیں جو ہوا سے اڑ جاتی ہیں۔

بچے ایک کاغذ میں دو کالمز بنائیں گے اور ایک کالم میں وہ چیزیں لکھیں گے جو اُڑ جاتی ہے اور دوسرے کالم میں وہ چیزیں جو بڑی ہونے کی وجہ سے نہیں اُڑ سکتی۔

60 منٹ

# چوتھا دن


پروجیکٹ کے چوتھے دن بچوں کا گرم جوشی سے خوش آمدید کریں اور ان کی محنت کو سراہیں.

اس دن کے لیے کسی ایسی جگہ کا انتخاب کریں جہاں پودے اور درخت موجود ہو اور بچوں سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھیں :

1. کیا آپ کو اپنے ارد گرد کا ماحول پسند ہے؟
2. کیا آپ کو درخت نظر آرہے ہیں؟
3. آپ کا کائنات کی ان سب چیزیں کے بارے میں کیا خیال ہے؟

بچے غوروفکر کریں گے کہ موجودہ موسم میں پھول پتوں اور درختوں کا کیا حال ہوتا ہے۔

بچے کھڑکی سے باہر دیکھ کر درخت کی تصویر بنائیں گے۔ جس موسم میں بہت گرمی اور بارش ہوتی ہے تب کے درخت، سردیوں کے درختوں سے بہت مختلف ہوتے ہیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ وہ ہر موسم کے درخت ایک پیپر پر بنا سکتے ہیں



بچوں کو موسم کے مختلف پھل اور سبزیوں کے بارے میں بتائیں۔ بچے ان کی تصویریں بھی بنا سکتے ہیں اور مختلف موسمیاتی پھل اور سبزیاں کے فرق بھی لکھ سکتے ہیں۔

نوٹ ۔ پھل اور سبزیاں الگ الگ موسم میں اس لیے آتی ہیں کیونکہ سب کو مختلف بارش اور سورج کی حرارت درکار ہوتی ہے۔

# پانچویں دن

60
منٹ

بچے یہ دریافت کریں گے کہ چرند پرند موسموں کے بدلنے سے کیا کرتے ہیں۔

1. ہمارے گھر کے پاس کون سے جانور اور پرندے پائے جاتے ہیں؟
2. گرم موسم میں چرند پرند خود کو ٹھنڈا کیسے رکھ سکتے رکھتے ہیں؟ [درخت کی سب سے اوپر والی شاخ پر بیٹھتے ہیں، جہاں سب سے زیادہ ہوا ہوتی ہے۔ کسی پانی والی جگہ پر جا کر نہاتے ہیں۔ چھاؤں میں رہتے ہیں]
3. ٹھنڈے موسم میں چرند پرند خود کو گرم کیسے رکھتے ہیں؟
[کیا ان کے پاس ہم جیسے سویٹر ہوتے ہیں، ہجرت کر کے کسی گرم جگہ چلے جاتے ہیں]

کیا آپ کسی جانور کے لئے ایک ایسی جگہ بنا سکتے ہیں جہاں وہ خود کو گرم رکھ سکیں؟

30 منٹ

# چھٹا دن

بچے اپنے ہر موسم کے مشاہدے کے نتیجے بتائیں گے۔ ان کی پریزنٹیشن میں مندرجہ ذیل چیزیں ہوں گی :

1. اس موسم میں جانور اور پرندے کیا کرتے ہیں؟
2. اس موسم میں پودے اور درخت کے ساتھ کیا ہوتا ہے؟
3. ہمارے ایکسپیریمنٹ نے ہمیں ہوا، سورج، بارش اور بادلوں کے بارے میں کیا سکھایا؟
4. ہم ہر موسم میں کیسے کپڑے پہنتے ہیں؟

بہار

موسم گرما

خزاں

موسم سرما